BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن کونسل نے سٹی کے نئے باضابطہ پلان کے لیے ایک ایک پرجوش منصوبہ کار اور اس کے ساتھ عوامی وابستگی کی حکمت عملی کی منظوری دے دی ہے

برامپٹن، آن (23 جنوری 2020) – کونسل کی 22 جنوری 2020 کی ایک خصوصی میٹنگ میں، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن 2040 منصوبے – سٹی کے نئے باضابطہ منصوبے – کی تکمیل میں معاونت کے لیے ایک نئے منصوبہ کار اور کمیونٹی کے ساتھ تعامل کی ایک جامع حکمت عملی کی منظوری دی ہے۔

خزاں 2017 میں بڑے پیمانے پر عوامی مشاورت کے بعد، کونسل نے مئی 2018 میں برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کو منظور کر لیا تھا۔ یہ ویژن سٹی کے لیے ایک زیادہ قابل استحکام، شہری اور متنوع مستقبل کو ظاہر کرتا ہے۔ کونسل کے اس دور کی ترجیحات میں برامپٹن کو اس مستقبل کی جانب بڑھانے کے لیے کلیدی اقدامات کا خاکہ موجود ہے۔ برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) منصوبہ اس عمل کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے اور یہ نیا آفیشل پلان اس حوالے سے ہمیں ایک درست سمت کی جانب گامزن کرے گا، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ سٹی کی جانب سے تمام منصوبہ بندی، پراجیکٹس اور ترقی مل کر برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کے عزائم کی تکمیل کے لیے کام کر رہے ہوں۔

سٹی کے عملے کو برامپٹن 2040 منصوبے کی تخلیق میں مدد فراہم کرنے کے لیے سٹی نے زمین کے استعمال کی پالیسی، پالیسی کی منصوبہ بندی اور شہری ڈیزائن؛ کمیونٹی اور فریقین کے ساتھ تعامل؛ استحکامیت؛ نقل و حمل؛ ماحولیاتی منصوبہ بندی؛ پارکس اور کھلی جگہوں کے متعلق منصوبہ بندی؛ اور فنون و ثقافت کی منصوبہ بندی اور ورثے کے تحفظ کے شعبہ جات میں بین الکلیاتی مہارتیں حاصل کرنے کے لیے WSP کینیڈا گروپ لمیٹڈ کی خدمات کو برقرار رکھا ہے۔

آج منظور کیا گیا منصوبہ کار پانچ مراحل پر مشتمل ہے، جو دو سال کے عرصے پر مشتمل ہے اور 2022 تک جاتے ہیں، جن کے دوران رہائشیوں کے پاس سٹی سے رابطہ کرنے اور برامپٹن کی بڑھوتری کے مستقبل کو تشکیل دینے کے لیے کئی مواقع موجود ہوں گے۔

کمیونٹی کے ساتھ تعامل کے کلیدی سنگ میل (Key Community Engagement Milestones)

مرحلہ 1: ***برامپٹن 2040 سپیکر سیریز*** **–** جس کا مقصد سٹی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے کمیونٹی میں زیادہ آگاہی پیدا کرنا ہے، جس کی خصوصی توجہ اعلیٰ درجے کے بلند عزم وژن کو کامیابی سے نافذ ہونے والے منصوبوں میں بدلنے کے عمل پر ہو گی۔

مرحلہ 2: **2040 ویژن (2040 Vision) کو آزمانا اور ڈیٹا کے نقائص کی شناخت کرنا** – ایک تعاملاتی پروگرام برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کو آزمانے اور ڈیٹا میں پائے جانے والے کسی قسم کے نقائص کی شناخت کرنے کے لیے آراء حاصل کرے گا۔

مرحلہ 3: **کمیونٹی سٹرکچر ورکشاپس** – اس مرحلے کے دوران تعامل کے ذریعے رائے مانگی جائے گی، جبکہ سٹی برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) میں بیان کردہ کمیونٹی کی ساخت کی تشکیل پر کام کر رہا ہو گا، کو آزمائے گا اور اس کی تصدیق کرے گا۔

مرحلہ 4: **بحث کے مقالے اور پالیسی کی سمتوں کا مسودہ** – تعامل کا پروگرام بنیادی شعبہ جات (برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کے نظریے کے بیان کے سات بنیادی شعبہ جات) کے حوالے سے رائے حاصل کرے گا، جو برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کی سمت بندی کے لیے معلومات فراہم کرے گی، جنہیں بحث کے مقالوں اور پالیسی کی سمتوں کے متعلق ایک رپورٹ کے ذریعے پیش کیا جائے گا۔

مرحلہ 5: **حتمی OP پالیسیاں** – اس مرحلے کے دوران، ڈرافٹ برامپٹن 2040 پلان کے اندر موجود مسودے کی پالیسیوں کے حوالے سے سٹی رائے حاصل کرے گا۔

حکمت عملی میں بیان کردہ منصوبہ کار اور کمیونٹی سے تعامل کے مواقع کو ایک بلند عزم آفیشل پلان فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے، جو اس نظریے کی عکاسی کرتا ہے کہ برامپٹن 2040 ویژن (2040 Vision) کو ایک کامیاب عمل کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔

برامپٹن 2040 پلان کے لیے منصوبہ کار اور تعامل کی حکمت عملی کے متعلق مزید جاننے کے لیے، برائے مہربانی رپورٹ ملاحظہ کریں اور حکمت عملی پر عمل کے دوران تازہ ترین معلومات اور مواقع کے لیے ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

**پس منظر**

سٹی کا موجودہ آفیشل پلان کونسل کی جانب سے اکتوبر 2006 میں اختیار کیا گیا تھا اور اسے اونٹاریو میونسپل بورڈ (OMB) نے اکتوبر 2008 میں جزوی طور پر منظور کیا تھا۔

پلاننگ ایکٹ کا حصہ (1)26 تقاضہ کرتا ہے کہ ہر منظور شدہ آفیشل پلان کو ایک نئے آفیشل پلان کے طور پرنافذ کیے جانے کے بعد 10 سال سے پہلے اس پر نظرثانی کی جانی چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ یہ صوبائی منصوبوں اور پالیسیوں کی شرائط پر پورا اترتا ہو اور ان کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو؛ اور اس کے بعد ہر پانچ سال بعد ایسا کیا جانا چاہیے، ماسوائے یہ کہ اس کی جگہ کوئی نیا آفیشل پلان آ جائے۔

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن سٹی کے نئے آفیشل پلان کی تشکیل کے لیے پوری کمیونٹی سے تعامل کا عمل شروع کرنے کے لیے پرجوش ہے جو مستقبل اور حال، دونوں میں سٹی کی ترقی کے لیے حالات کو موزوں بنانے پر مرکوز ہے۔ ہمارا کئی سالہ منصوبہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کمیونٹی کے اس پرجوش نظریے کو ایسے نتائج میں تبدیل کیا جا سکے جو برامپٹن میں سب کو فائدہ پہنچاتے ہوں۔"

- *میئر پیٹرک براؤن*

"ایک کونسل کے طور پر ہماری ترجیح اپنے شہر کے لیے ایک مزید قابل استحکام، شہری اور متنوع سمت فراہم کرنا ہے – اور ہمارا نیا آفیشل پلان بالکل اسی مقصد کے لیے ہے۔ میں برامپٹن کے تمام شہریوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنی آواز سنوانے اور مستقبل میں اپنے شہر کی ترقی کو شکل دینے کے لیے ان کئی مواقع میں سے کسی ایک میں ضرور حصہ لیں۔"

- *مارٹن میڈیروس، چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کمیٹی*

"یہ آفیشل پلان سٹی کے عملے کو شہر کی تعمیر کا کام ایک ایسے طریقے سے کرنے کے لیے مزید سیاق و سباق فراہم کرے گا جس سے ہماری کونسل اور رہائشیوں کے برامپٹن کے لیے نظریہ کی تکمیل کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں۔ سٹی رہائشیوں اور فریقین کے ساتھ مل کر ہمیں برامپٹن 2040 کے قریب لانے کے لیے کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

media release

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca